







# ضلع سیالکوٹ میں مقامی حکومتوں کو مضبوط بنانے کا پروگرام

BAIDARIE

NED

# بیداری

بیداری کا قیام یونین کونسل روڑس تحصیل سمبڑیال ضلع سیالکوٹ میں 1993 میں ہوا۔مفاد عامہ کی غیر سرکاری تنظیم کی حیثیت سے یہ بناء کسی تفریق وامتیاز غیر منافع بخش بنیادوں پر کام کرتی ہے۔اپنے قیام سے لے کراب تک اسکی مسلسل کوشش رہی ہے کہ سماجی اور معاشی ترقی کے مواقع تک محدود رسائی رکھنے والے طبقات بالخصوص خواتین کو عمومی عمل کا موثر شریک کار بنایا جائے۔

بیداری بحثیت ادارہ سوشل ویلفیئر ایجنسیز (رجسٹریشن اینڈ کنٹرول) آرڈیننس 1961 کے تحت بمطابق سرٹیفکیٹ نمبر DDSW-GRW(Regd) 2000-790 مورخہ 03 اگست 2000 محکمہ سماجی بہبود پنجاب سے رجسٹرڈ ہے۔

بیداری پاکستان سینٹر آف فلانتھراپی Pakistan Centre for Philanthrophy سے رجسٹرڈ ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے ساتھ بطور غیر سرکاری ادارہ رجسٹرڈ ہے۔اور پنجاب چیریٹی کمیشن کے ساتھ بھی رجسٹرڈ ہے۔

## پس منظر

ضلع سیالکوٹ کی آبادی تقریبا40لاکھ ہےکل آبادی کا26.19% شہری علاقوں پراور73.81% دیہی آبادیوں پر مشتمل ہے۔ 2015 میں منعقد ہونے والے بلدیاتی انتخابات میں کل رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 2011912 تھی۔ انتخابات کے موقع پر رجسٹرڈ شدہ مرد ووٹرز میں سے 57.93% اور42.07% خواتین ووٹرز نے اپنا حق رائے دہی استعمال کیا۔بیداری مئی 2016 سے لیکر اب تک مسلسل کوشش کرتی رہی ہے کہ ضلع کے 40 منتخب شدہ مقامات پہ خواتین کی انتخابی عمل میں موثر شراکت کو ممکن بنایا جاسکے۔اس عمل میں اطمینان بخش کامیابی درج ذیل حوالوں سے ممکن ہوسکی ہے ان علاقوں میں۔

- ★ خواتین نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال سوچ سمجھ کے کرنے کا عندیہ دیا۔
- ★ 25 جولائی 2018 کو ہونے والے انتخابات میں خواتین کے حق رائے دہی کی شرح 62% تک ریکارڈ کی گئی ( 2013 کے انتخابات میں یہ شرح تقریبا 40% تھی جبکہ 2015 میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات میں یہ شرح 42.7% تھی۔
- ★ 2021 کے شروع میں منعقد ہونے والے بلدیاتی اداروں کے انتخابات کیلئے اپنے دائرہ کار کے مقامات پہ رائے دہندگان سے مسلسل رابطہ کاری میں ضرورت محسوس کی گئی۔
- ★ خواتین غیر مسلموں،نوجوانوں،کسانوں اور مزدوروں کو بلدیاتی سطح پرانتخابی عمل کا موثر حصہ بنایا جائے۔

★ بلدیاتی اداروں کے لیے چنے گئے نمائندوں کی استعدادکار اس طرح سے بڑھائی جائے کہ وہ اپنی قانونی ذمہ داریوں اور فرائض کی ادائیگی موثر طور پر عام لوگوں کے فائدے کے لیے کر سکیں۔

## خصوصی مقاصد

یکم مئی 2020 سے 30 اپریل 2022 تک کے دورانیہ میں بیداری درج ذیل مقاصد کے حصول کے لیے جدوجہد کرے گی ۔

★ ضلع سیالکوٹ کے 100 مقامات پہ لوگوں کو اس بات کے لیئے ترغیب دی جائے کہ وہ سماجی ترقیاتی عمل میں پیچھے رہ جانے والے لوگوں کو بلدیاتی انتخابات میں شمولیت میں حصہ دار بننے میں مدد دیں۔

★ رائے دہندگان کو اس امر کی ترغیب دی کہ ووٹ کا حق استعمال کرتے وقت قانونی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے حوالے سے اس کی اہلیت کو پرکھ سکیں۔

★ ممکنہ طور پر 2021 میں منعقد ہونے والے بلدیاتی انتخابات میں منصوبے کے دائرہ کار میں شامل 40 پرانے مقامات پہ خواتین کے ووٹ ڈالنے کی شرح کو 70% تک لے کر جانا اور باقی نئے 60 مقامات پہ ووٹ ڈالنے کی شرح کو 60% تک لے کر جانا۔

★ منصوبے کے دائرہ کار میں شامل 100 دیہات میں سے منتخب شدہ 300 بلدیاتی نمائندوں کو تربیت دی جائے گی کے کہ وہ مقامی حکومت کے اداروں چوکس فعال اور مئوثر شریک کار کیسے بن سکتے ہیں۔

★ منصوبے کے براہ راست استفادہ کنندگان اور آبادیوں کو اس حوالے سے باعلم اور ہنرمند بنایا جائے تاکہ وہ منتخب ہونے والے نمائندوں کی کارکردگی کا جائزہ معروضی بنیادوں پہ لیں اور انہیں ان کے قانونی فرائض کی ادائیگی میں مدد فراہم کریں۔

## منصوبے کی سرگرمیاں

★ منصوبے کے مقاصد کے حصول کے لیے درج ذیل سرگرمیاں کی جائیں گی۔

## رضا کاروں کی تربیت

★ 100 دیہات میں سے چنے ہوئے 100 مرد و خواتین رضا کاروں کی پروگرام کے حوالے سے تربیت کی جائے گی کہ وہ منصوبے پہ عمل درآمد کے دوران معاونت فراہم کر سکیں۔

## شناختی کارڈ کا اجراء

★ 100 دیہات میں سے ان خواتین کے بارے میں اعداد و شمار مرتب کئے جائیں گے جن کے پاس ابھی تک نہ شناختی کارڈ بنے ہیں اور نہ ہی ان کے ووٹ کا اندراج ممکن ہوسکا ہے منصوبے کے دورانیہ میں یہ کوشش کی جائے گی کہ ان تمام خواتین کے شناختی کارڈ بن جائیں اور ووٹ کا اندراج ہو جائے جن کو ابھی تک قانونی حق حاصل نہیں ہو سکے۔

## پسماندہ طبقات کی حوصلہ افزائی

★ سماجی طور پر ترقیاتی عمل میں شمولیت کے مواقع تک محدود رسائی رکھنے والے طبقات کی حوصلہ افزائی کی جائے گی کہ وہ بلدیاتی اداروں کے لئے چناؤ کے عمل میں فعال کردار ادا کریں۔

## رائے دہندگان کی تربیت

★ رائے دہندگان کو تربیت فراہم کی جائے گی کہ وہ اپنا ووٹ کا حق استعمال کرتے وقت قانونی ذمہ داریوں کے موثر استعمال کے لیے امیدوار کی موزونیت اور اہلیت کو پرکھ کر اپنی رائے کا حق استعمال کریں۔

## پولنگ ایجنٹس کی تربیت

★ ممکنہ پولنگ ایجنٹس کو تربیت فراہم کی جائے گی کہ وہ الیکشن کے موقع پہ اپنی ذمہ داریاں کس طرح قانونی قواعد و ضوابط کی ممکن پابندی کرتے ہوئے ادا کر سکتے ہیں۔

## کاغذات نامزدگی جمع کروانے میں مدد فراہم کرنا

★ انتخابات میں حصہ لینے والے امیدواران کو مدد فراہم کی جائے گی کہ وہ اپنے کاغذات نامزدگی درست طور پر مکمل کریں اور بر وقت انہیں ریٹرننگ آفیسر کے پاس جمع کروائیں۔

## منتخب شدہ اراکین اور مستقل عملے کے اراکین کی تربیت

★ 100 پنچایت اور نیبر ہڈ کونسلز میں سے منتخب شدہ اراکین اور مستقل عملے کے اراکین کے لیے قانونی فرائض کی ادائیگی کے حوالے سے تربیت کا اہتمام کیا جائے گا۔

## F.M ریڈیو پر پینل ڈسکشن

★ F.M ریڈیو پروگرام کے ذریعے نئے بلدیاتی نظام کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے کے لیے پروگرام کا انعقاد کیا جائے گا تاکہ لوگوں کو اس بات کی ضرورت اور اہمیت سے آگاہ کیا جائے کہ نئے بلدیاتی نظام میں تمام طبقات حصہ لے سکتے ہیں۔

## مطالعاتی دورہ

★ منتخب نمائندوں کو ایسے علاقوں کا مطالعاتی دورہ کروانا کہ وہ مشاہدہ کرسکیں کہ نئے بلدیاتی نظام کے نفاذ کے ذریعے عوامی ترقی کے منصوبے کس طرح کامیابی سے مکمل کئے گئے ہیں۔

## منتخب نمائندوں کی کارکردگی کا جائزہ

★ مقامی لوگوں کی سہولت کاری کی جائے گی کے وہ نئے بلدیاتی نظام کے تحت منتخب شدہ نمائندوں کی کارکردگی کا جائزہ ان کے قانونی فرائض کے حوالے سے لے سکیں۔

## پروگرام کے نتائج

بیداری کو توقع ہے کہ اس منصوبے کے موثر نفاذ سے درج ذیل نتائج حاصل ہوں گے۔

★ سماجی طور پر ترقی کے مواقع تک محدود رسائی والے طبقات کو جمہوری انتخابی عمل میں موثر طور پر شریک ہونے کا موقع مل سکے گا۔

★ سماجی طور پر ترقی کے عمل میں پیچھے رہ جانے والے طبقات کو بلدیاتی اداروں کی سطح پر بااختیار بنانے کا ایسا نمونہ وجود میں آجائے گا جس کی اس مقصد کی خاطر صوبے کے دوسرے حصوں میں بھی بڑے پیمانے پر تقلید کی جاسکے گی۔

## کرونا وائرس (COVID-19) کیا ہے؟

کرونا وائرس (COVID-19) ایک وبائی بیماری ہے جو جانوروں کی بہت سی مختلف اقسام میں عام ہے۔ یہ وائرس جانوروں سے انسانوں میں اور پھر ایک انسان سے سانس، چھینک اور کھانسی کے نتیجے میں خارج ہونے والے بخارات کے ذریعے دوسرے انسانوں میں بھی منتقل ہوتی ہے۔

## علامات کیا ہیں؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیز بخار | نزلہ یا زکام | خشک کھانسی | سانس لینے میں دشواری |

زیادہ سنگین صورتحال میں انفیکشن نمونیہ گردے فیل ہونا اور یہاں تک کہ موت کا سبب بھی بن سکتی ہے۔

## کرونا وائرس (COVID-19) سے بچاؤ کیلئے چند احتیاطی تدابیر:

- ★ استعمال کے بعد ٹشو پیپر کو مناسب طریقے سے ضائع کر دیں۔
- ★ چھینک اور کھانسی کی صورت میں اپنی کہنی سامنے رکھ لیں تاکہ خارج ہونے والے بخارات ہوا میں نہ پھیلیں۔
- ★ منہ اور ناک کو ٹشو یا رومال سے ڈھانپ لیں اور ماسک کا استعمال کریں۔
- ★ گوشت اور انڈوں کو اچھی طرح پکا کر استعمال کریں۔
- ★ اپنے ہاتھوں کو باقاعدگی سے 20 سیکنڈ تک صابن سے دھوئیں۔ اگر پانی اور صابن سے ہاتھ دھونے کی سہولت میسر نہ ہو تو سینی ٹائزر کا باقاعدگی سے استعمال کریں۔
- ★ سینی ٹائزر کے استعمال کے بعد کوئی چیز ہاتھ سے کھانے سے قبل ہاتھوں کو اچھی طرح صابن اور پانی سے دھو لیں۔
- ★ اگر آپ کو نزلہ زکام ہے تو اپنے آفس، اسکول، یا بھیڑ میں جانے کی بجائے گھر پر رہیں اور اگر جانا ضروری ہو تو دوسرے لوگوں سے کم از کم 5 فٹ فاصلہ قائم رکھیں۔
- ★ علامات ظاہر ہونے کی صورت میں ہیلپ لائن (**1166**) یا اپنے قریبی ہیلتھ سینٹر سے رجوع کریں۔

نوٹ:۔

یہ معلوماتی مواد NED کی مالی معاونت سے شائع کیا گیا ہے لیکن یہ مواد کسی طرح بھی NED کے باقاعدہ نقطہ نظر کا عکاس نہیں ہے شائع شدہ یہ تمام تر مواد کلی طور پر بیداری سیالکوٹ کا نقطہ نظر تصور کیا جائے۔


BAIDARIE

بیداری آفس ایڈریس: مکان نمبر B-13/7 ماڈل ٹاؤن اگوکی سیالکوٹ

فون نمبر: 052-3514245-48

www.baidarie.org.pk facebook.com/baidarie

arshidmirza2010@gmail.com,hina.baidarie@gmail.com

NED